

مدرسة القائم
کربلاء
إنَّ لِقَتلِ الحُسين (عليه السلام)
حرارةً في قلوب المؤمنين لاتبرد أبدا
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
یقیناً! قتلِ حسینؑ کے سبب مومنین کے دلوں میں ایک حرارت ہے
جو کبھی ٹھنڈی نہیں ہوگی۔
(مستدرک الوسائل۔ میرزا حسین نوریؒ۔ جلد 10)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین یا ثارات الحسین
یا حسین یا حسین یا حسین یا حسین یا حسین
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
You Tube
youtube.com/madrasaalqaaim

سوال : امام حسینؑ کی کب اور کہاں ولادت ہوئی؟

جواب : مدینۂ منورہ میں تین شعبان المعظم ۴ھ صبح کے وقت۔

سوال : امام حسینؑ کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب : حضرت ابو طالبؑ۔

سوال : امام حسینؑ کے مشہور القاب کیا ہیں؟

جواب : سبطِ اصغر، سیّد الشہداء، زکیّ، سیّد شباب اہل الجنۃ۔

سوال : امام حسینؑ کی کنیت کیا ہے؟

جواب : ابوعبداللہ۔

سوال : امام حسینؑ کے عقیقہ کا اہتمام کس نے کیا؟

جواب : رسولِ خداؐ نے۔

سوال : ۴۰ھ میں امام حسینؑ کو کس مصیبت کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب : مولائے کائنات علی ابن ابی طالبؑ کی شہادت۔

سوال : عیسائیوں سے مباہلہ کے موقع پر رسولِ خداؐ کی گود میں کون سی شخصیت تھی؟

جواب : امام حسینؑ۔

سوال : دورِ رسولِ خداؐ میں وہ کون سی شخصیت تھی جن کی آنکھوں میں آنسو آجانے پر رسولِ خداؐ اُنہیں گود میں اُٹھا لیا کرتے تھے؟

جواب : امام حسینؑ۔



سوال : کربلا جانے کے لئے امام حسینؑ نے کس تاریخ کو مدینہ چھوڑا؟

جواب : ۲۸ رجب ۶۰ھ ۔

سوال : مدینے سے ہجرت کے بعد امام حسینؑ نے مکے میں کتنے دن قیام فرمایا؟

جواب : ۴ ماہ ۔

سوال : امام حسینؑ کا نام حسین کس نے رکھا؟

جواب : جنابِ حضرت رسولِؐ خدا نے۔

سوال : وفاتِ پیغمبرؐ اور حضرت فاطمہؑ کے موقع پر امام حسینؑ کی عمرِ مبارک کتنی تھی؟

جواب : ۷ برس۔

سوال : امام حسینؑ کے مستقل موذّن کون تھے؟

جواب : حجّاج بن مسروق۔

سوال : امام حسینؑ کے بچپن کے دوست کون تھے؟

جواب : جنابِ حبیب ابن مظاہرؓ۔

سوال : گورنرِ کوفہ کی رہائش گاہ (قصر) کا نام کیا تھا؟

جواب : دارالامارہ۔

سوال : امام حسینؑ کے سفیرِ کوفہ کو کس تاریخ کو شدید زخمی کر کے شہید کر دیا گیا؟

جواب : ۹ ذی الحج ۶۰ھ ۔

سوال : روزِ عاشور کتنے امامؑ موجود تھے؟

جواب : ۳ آئمہ معصومینؑ۔



سوال : روزِ عاشور کون سا دن تھا؟

جواب : جمعہ۔

سوال : کربلا میں امام حسینؑ کا راستہ روک کر اُنؑ کے ذوالجناح کی رکاب کس نے پکڑی تھی؟

جواب : حُرؑ ابن یزید ریاحی۔

سوال: امام حسینؑ میدانِ کربلا میں کون سی تاریخ کو وارد ہوئے؟

جواب : ۲ محرم الحرام ۶۱ھ ۔

سوال : امام حسینؑ اور دیگر اصحاب کو کس تاریخ کو دفنایا گیا؟

جواب : ۱۲ محرم الحرام۔

سوال : امام زین العابدینؑ نے کس قبیلے کی مدد سے شہدائے کربلاؑ کو دفنایا؟

جواب : قبیلۂ بنی اسد۔

سوال : امام حسینؑ کے وہ کون سے صحابی ہیں جنہوں نے نابینا ہونے کے باوجود تلوار سے جنگ کی اور شہید ہو گئے؟

جواب : عبداللہ ابن حنیفؑ ۔

سوال : امام حسینؑ کے کون سے بھائی کربلا میں آپؑ کے ساتھ نہیں گئے؟

جواب : محمد بن حنفیہ۔

سوال : بچپن میں کون امام حسینؑ کے قدموں کی خاک اُٹھا کر اپنی آنکھوں سے لگاتے تھے؟

جواب : حبیب ابن مظاہرؑ۔

سوال : امام حسینؑ نے کوفے کے حالات جاننے کے لئے کس کو بھیجا تھا؟

جواب : مسلمؑ ابن عقیل۔

سوال : پسرانِ مسلمؑ کے قاتل کا کیا نام تھا؟

جواب : حارث (ملعون)۔

سوال : کربلا کی کسی ایک شہیدہ خاتون کا نام بتایئے؟

جواب : اُمِّ وہّاب۔

سوال : واقعۂ کربلا کو ۱۴۴۶ھ کے اعتبار سے کتنے برس گزر چکے ہیں؟

جواب : ایک ہزار تین سو پچاسی سال 1385۔

سوال : کس صحابیٔ امامؑ کی پوری نسل واقعۂ کربلا میں شہید ہوگئی؟

جواب : حضرت مسلم ابن عقیلؑ۔

سوال : حضرت مسلمؑ کے کتنے بیٹے واقعہ کربلا میں شہید ہوئے؟

جواب : ۲ بیٹوں کو حارث نے شہید کیا اور دو بیٹے میدانِ کربلا میں شہید ہوئے۔

سوال : جنابِ فضہؑ نے کربلا میں کون سے جانور کو بلایا تھا؟

جواب : شیر۔

سوال : پہلی محرم کے روزے کا کیا ثواب ہے؟

جواب : پورے سال کارِ خیر انجام دینے کے برابر ہے۔

سوال : محرم کی نو تاریخ کو پانی پلانے کا کیا ثواب ہے؟

جواب : جیسے اُس نے امام حسینؑ کے لشکر کو پانی پلایا ہو۔

سوال : امام حسینؑ نے کتنے حج کیئے؟

جواب : ۲۵ حج۔



سوال : امام زمانہؑ نے جو امام حسینؑ پر مرثیہ پڑھا وہ کس نام سے مشہور ہے؟

جواب : زیارتِ ناحیہ۔

سوال : کربلا کے تین نام بتایئے؟

جواب : نینوا، غاذریہ، شطُّ الفُرات، غاضریہ، طف، اراضی حسینیہ۔

سوال : یکم محرم کو کس نبیٔ خدا کی دعا قبول ہوئی؟

جواب : حضرت زکریاؑ۔

سوال : کربلا میں امام حسنؑ کی طرف سے کس نے قربانی دی؟

جواب : حضرت قاسمؑ۔

سوال : کربلا کے کوئی سے دو بوڑھے شہیدوں کے نام بتایئے؟

جواب : حبیب ابن مظاہرؑ ، شبیبِ شاکری۔

سوال : کوفے کا گورنر کون تھا؟

جواب : ولید بن عقبہ۔

سوال : جس مقام سے بی بی زینبؑ نے امام حسینؑ کو شہید ہوتے ہوئے دیکھا اُسے کیا کہتے ہیں؟

جواب : تلّۂ زینبیہ۔

سوال : حضرت اُمّ البنینؑ کے کربلا میں کتنے بیٹے شہید ہوئے؟

جواب : ۴ بیٹے (حضرت عباسؑ ، حضرت عبداللہؑ ، حضرت جعفرؑ ، حضرت عثمانؑ )۔

سوال : واقعہ کربلا کے بعد کربلا کے پہلے زائر کا نام کیا ہے؟

جواب : حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

سوال : امام حسینؑ نے کربلا کی سرزمین کس قبیلے سے خریدی؟

جواب : قبیلۂ بنی اسد۔

سوال : واقعۂ کربلا کے وقت شام کا حاکم کون تھا؟

جواب : یزید بن معاویہ (ملعون)۔

سوال : امام حسینؑ کے قاتلوں سے بدلہ کس نے لیا؟

جواب : امیر مختارِ ثقفیؒ۔

سوال : شہدائے کربلا نے شبِ عاشور کس طرح گزاری؟

جواب : عبادتِ پروردگار میں۔

سوال : بتایئے یہ جملہ کس صحابیٔ امامؑ کا ہے ''اگر ہم نے آپؑ کو بچانے کی خاطر اپنی زندگی قربان کردی تو یہی ہماری کامیابی ہے''؟

جواب : حبیب ابن مظاہرؑ۔

سوال : یہ جملہ کس صحابیٔ امامؑ کا ہے ''یہ ہمارے لئے ممکن نہیں کہ ہم آپؑ کو چھوڑ دیں میں اپنے نیزے کو دشمنوں کے سینوں میں توڑ دوں گا میں آپؑ کے قدموں میں اپنی جان نچھاور کر دوں گا''؟

جواب : مسلم ابن عوسجہؑ۔

سوال : بتایئے یہ جملہ کس کا ہے ''چچا جان! موت میرے لئے شہد سے زیادہ شیریں ہے؟

جواب : حضرت قاسمؑ ابن حسنؑ۔

سوال : کوفے میں حضرت مسلمؑ نے کس کے گھر قیام کیا؟

جواب : ہانی ابن عروہؑ ۔

سوال : صبح عاشور کس نے اذانِ فجر دی؟

جواب : حضرت علی اکبرؑ۔

سوال : بتایئے وہ کون سے نبی تھے جن کی بھیڑ بکریوں نے فرات کے کنارے پانی نہیں پیا؟

جواب : حضرت اسماعیلؑ۔

سوال : بتایئے پہلی مجلس کس نے اور کہاں برپا کی؟

جواب : مصر میں بی بی زینبؑ نے۔

سوال : بتایئے امام حسینؑ کی عمرِ مبارک کتنی تھی؟

جواب : ۵۷ برس کچھ ماہ۔

سوال : بتایئے کس تاریخ کو لشکرِ امام حسینؑ پر پانی بند کیا گیا؟

جواب : ۷ محرم الحرام۔

سوال : رسولِؐ خدا نے امام حسینؑ کو جو گھوڑا دیا تھا اُس کا نام کیا تھا؟

جواب : مرتجز (Murtajaz)۔

سوال : بی بی اُمِّ وہّاب کو شمر (ملعون) کے کس غلام نے شہید کیا تھا؟

جواب : رستم (ملعون)۔

سوال : بتایئے بی بی اُمِّ وہّاب کی شادی کو شہادت تک کتنے دن گزرے تھے؟

جواب : ۱۷ دن۔

سوال : بی بی اُمِّ وہّاب کے شوہر کا کیا نام تھا؟

جواب : عبداللہ کلبی۔

سوال : وفاتِ رسولِؐ خدا سے واقعۂ کربلا تک کتنا عرصہ گزرا؟

جواب : ۵۰ برس۔

سوال : حضرت زینبؑ کے بیٹے حضرت عونؑ کے قاتل کا کیا نام تھا؟

جواب : ابن نفیل۔

سوال : کربلا میں کتنے ہزار فرشتوں نے اپنی خدمات پیش کرنے کی درخواست کی جو امامؑ نے رد کر دی؟

جواب : چار ہزار۔

سوال : اُس جن کا نام بتایئے جو میدانِ کربلا میں اپنے لشکر کے ساتھ امامؑ کی مدد کے لئے حاضر ہوئے مگر امامؑ نے قبول نہ کیا؟

جواب : زعفر جن۔

سوال : بتایئے شمر (ملعون) نے حسین مظلومؑ کو کتنی ضربوں سے شہید کیا؟

جواب : بارہ ضربوں سے۔

سوال : یزیدی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

جواب : کچھ روایات کے مطابق تیس ہزار۔

سوال : حضرت زینبؑ اور امام حسینؑ کی عمروں میں کتنا فرق تھا؟

جواب : بی بی زینبؑ امام حسینؑ سے 2 یا 3 سال چھوٹی تھیں۔

سوال : امام سجادؑ نے یزید (ملعون) سے اپنے کس لٹے ہوئے مال کی واپسی پر زیادہ زور دیا تھا؟

جواب : حضرت فاطمہؑ بنت رسولِؐ خدا کا چوغہ، مقنعہ، گلوبند اور اُن کی قمیض۔

سوال : بتایئے شبِ عاشور امامِ مظلومؑ نے اپنی بہن کو کیا وصیت فرمائی؟

جواب : ''بہن زینبؑ! مجھے نمازِ شب میں فراموش نہ کرنا''۔

سوال : بتایئے امام مظلومؑ کے خونِ ناحق کا انتقام لینے کے لئے کتنے گروہ برسرِ پیکار ہوئے؟

جواب : ایک گروہ توّابین کا تھا اور دوسرا امیرِ مختار کا گروہ۔

سوال : بتایئے یزید (ملعون) کس تاریخ کو واصلِ جہنم ہوا؟

جواب : ۱۴ ربیع الاوّل ۶۴ھ ۔

سوال : "جو شخص تجھے برائی سے روکے وہی حقیقت میں تیرا دوست ہے اور جو شخص تجھے غلط کاموں کی ترغیب دلائے وہی تیرا سب سے برا دشمن ہے اسی معیار پر دوست اور دشمن کی پہچان کرو"۔ بتایئے یہ حدیث کس معصومؑ سے مروی ہے؟

جواب : امام حسینؑ۔

سوال : امام معصومؑ کی حدیث کے مطابق بتایئے کہ مصیبتِ امام مظلومؑ پر بہنے والے آنسوؤں کا ایک قطرہ بھی اگر آتشِ جہنم میں گر جائے تو وہ کیا کر دے گا؟

جواب : وہ آتشِ جہنم کو سرد کر دے گا۔

سوال : بتایئے یہ بات کس شخصیت کی نشاندہی کر رہی ہے: " ان کو علم اس طرح بھرایا گیا تھا جس طرح پرندہ اپنے بچے کو دانہ بھراتا ہے"۔

جواب : حضرت عباس علمدارؑ۔

سوال : بتایئے کربلا میں امام حسینؑ کے علاوہ شہدائے بنی ہاشم کی تعداد کتنی تھی؟

جواب : اٹھّارہ۔

سوال : حضرت علی اصغرؑ کی شہادت کس ملعون کے چلائے ہوئے تیر سے واقع ہوئی؟

جواب : حُرملا (ملعون)۔

سوال : بتایئے امام جعفر صادقؑ کی حدیث کے مطابق امام حسینؑ کے کربلا پہنچنے سے کتنے ہزار سال پہلے ملائکہ نے کربلا کی زیارت کی؟

جواب : ایک ہزار سال۔

سوال : زائرِ مرقدِ امام حسینؑ کے لئے روایت میں کیا بیان ہوا ہے؟

جواب : ''قیامتِ کبریٰ کے دن رسولِ اکرمؐ جبریلِؑ امین کے ساتھ زائرِ امام حسینؑ کو ڈھونڈنے کے لئے تشریف لائیں گے جن کی پہچان پیشانی پر نور کی مہر سے ہو جائے گی، اُن کی پیشانیوں پر لکھا ہوگا: یہ بہترین شہید (امام حسینؑ) کے مرقد کا زائر ہے۔ اس وقت آپؐ جبرائیلؑ کے ساتھ زائر کا بازو پکڑ کر لے جائیں گے اور قیامت کے عذاب اور تکلیفوں سے اُس کو نجات دلائیں گے''۔

سوال : صبح عاشور سب سے پہلے کس کے کہنے پر یزیدی فوج نے تیروں کے بوچھاڑ شروع کی؟

جواب : ابن سعد (ملعون)۔

سوال : روزِ عاشور کربلا کے سب سے آخری شہید کا نام بتایئے؟

جواب : امام حسینؑ۔

سوال : مدینہ چھوڑتے وقت اپنے وصیت نامہ میں امام حسینؑ نے مدینہ چھوڑنے کا کیا خاص مقصد بیان فرمایا؟

جواب : آپؑ نے فرمایا کہ میں: ''امر بالمعروف و نہی عن المنکر (نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا) کے ارادے سے نکل رہا ہوں''۔

سوال : جب امام حسینؑ نے جواباً فوجِ یزید پر حملہ کیا تو فوجیں کتنی میل دور بھاگ گئیں؟

جواب : بارہ میل۔

سوال : بتایئے نہرِ فرات پر یزیدی فوج کی کتنی تعداد تعینات تھی؟

جواب : پانچ سو سوار۔

سوال : نہرِ فرات پر تعینات یزیدی فوج کا سربراہ کون تھا؟

جواب : عمر بن حجاج زبیدی۔

سوال : ہاتفِ غیبی کی آواز کس مقام پر آئی کہ اپنا وعدہ پورا کرو؟

جواب : مقام ذوالکفلؑ پر۔

سوال : اسیرانِ کربلا میں آلِ محمدؐ کے کتنے فرد موجود تھے؟

جواب : بیس خواتین اور بارہ لڑکے۔

## شخصیت پہچانیے

۱۔ معاویہ کا بیٹا جس نے اسلام کو مذاق بنایا، وہ شراب پیتا تھا، گانے وموسیقی سنتا تھا اور منبر رسولِؐ پر بندروں سے دل بہلاتا تھا۔ (یزید ملعون)

۳۔ امام حسینؑ نے جب اپنے گھر والوں اور چند دوستوں کے ساتھ مدینہ چھوڑا تو ایک بچی کو بیماری کی وجہ سے مدینہ میں ہی چھوڑ دیا تھا، وہ کون تھیں؟ (بی بی فاطمہ صغریٰؑ)

۴۔ امام حسینؑ کے چچازاد بھائی جو کوفہ میں شہید ہوئے۔ (جنابِ مسلم بن عقیلؑ)

۵۔ واقعۂ کربلا کے دو شہید جنہیں حارث نے شہید کیا؟ (محمدؑ اور ابراہیمؑ)

۶۔ حضرت زینبؑ کے علاوہ کربلا میں امام حسینؑ کی ایک اور بہن موجود تھیں۔ (بی بی امِّ کلثومؑ)

۷۔ امام حسینؑ کے بچپن کے گہرے دوست جو کربلا میں امامؑ پر قربان ہوئے۔ (حبیب ابن مظاہرؑ)